# الیکشن کمیشن آف پاکستان

# (شعبہ تعلقات عامہ)

# پریس ریلیز

مورخہ 09 اگست ،2017ء

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے حلقہ این اے 120 لاہور اور پی پی 4 گوجر خان کے ضمنی انتخابات میں تجرباتی بنیادوں پر الیکٹرونک ووٹنگ مشینوں (EVM) اور بائیومٹرک مشینوں (BVM ) کواستعمال کرنے کافیصلہ کرکیاہے۔تفصیلات کے مطابق آج الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں چیف الیکشن کمشنر جسٹس سردار محمد رضا کی سربراہی میں اجلاس ہوا۔ جس میں مذکورہ بالا ضمنی انتخابات میں الیکٹرونک ووٹنگ مشینوں اور بائیو میٹرک ووٹنگ مشینوں کے استعمال کافیصلہ کیاگیا۔الیکشن کمیشن کے پاس اس وقت 100 بائیو میٹرک مشینیں ہیں۔جبکہ 150 الیکٹرونک ووٹنگ مشینیں موجودہیں۔جن کوان دونوں ضمنی انتخاب میں استعمال کرنے کافیصلہ کیاگیا۔تاکہ ان کی کارکردگی کا جائزہ تکنیکی بنیادوں پر لیا جاسکے۔اس سلسلے میں نادرا سے بھی رابطہ کیاگیاہے کہ وہ ان انتخابی حلقوں کے ووٹروں کا مطلوبہ ڈیٹا الیکشن کمیشن کو بروقت فراہم کرے تاکہ 17 ستمبر 2017ء کو منعقد ہونے والے ضمنی انتخابات میں ان مشینوں کا تجرباتی طورپر استعمال کیا جاسکے۔اجلاس میں یہ فیصلہ بھی کیاگیا۔کہ میڈیا کو عنقریب ان دونوں مشینوں کے حوالے سے بریفنگ دی جائے گی۔اور میڈیاکے سامنے ان دونوں مشینوں کے استعمال کا عملی مظاہرہ بھی کیاجائے گا۔ مزید یہ بھی فیصلہ ہواکہ الیکشن کمیشن ان مشینوں کے استعمال سے متعلق متعلقہ ووٹروں اور امیدواروں کی آگاہی کے لئے اقدامات اٹھائے گا۔تاکہ ان حلقوں کے ووٹر اور امیدواران ان مشینوں کے استعمال کے لئے الیکشن کمیشن کی معاونت کرے تاکہ بہتر سے بہتر نتائج حاصل کئے جاسکیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆